# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 19 March-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۹/مارچ ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مرکزی کابینہ نے صنعتی شعبے کی ترقی کے لیے ''بھوّیہ اسکیم'' کو دی منظوری۔

☆ کمرشیل صارفین کو LPG کی مزید 10 ⁄ فیصد فراہمی کو مرکزی حکومت نے دی منظوری۔

☆ املاء درست کرنے کے نام پر کسانوں سے دھوکہ، محکمۂ محصول کا سب سے بڑا گھپلہ بے نقاب۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی ضلع پریشد کے صدور کا عہدہ بی جے پی کے پاس۔

اور۔۔۔☆ محکمۂ موسمیات کی آج مراٹھواڑہ میں غیر موسمی بارش کی پیش گوئی۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی حکومت نے کل ملک میں 100 صنعتی ژون تیار کرنے کے لیے بھویہ اسکیم یعنی بھارت صنعتی ترقی اسکیم کو منظوری دی ہے۔کابینہ نے اس اسکیم کے لیے 33 ہزار 660 کروڑ روپیئے کی فراہمی کو بھی منظوری دی ہے۔کابینہ نے سال 24-2023 کے کپاس ہنگام کے لیے کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کو ایک ہزار 718 کروڑ روپیئے کے فنڈ کو بھی منظوری دی ہے۔مرکزی کابینہ نے چھوٹی ہائیڈرو پاور پروجیکٹ ڈیولپمنٹ اسکیم کو بھی منظوری دی۔ یہ اسکیم اگلے پانچ سالوں تک چلے گی۔ یہ اسکیم ملک بھر میں 1500 میگاواٹ کی پیداواری صلاحیت کے تقریباً دوسو منصوبوں کے لیے کام کرے گی۔مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کابینہ کی میٹنگ کے بعد پریس کانفرنس میں ان فیصلوں کی اطلاع دی۔انہوں نے کہا۔۔۔

**Byte: Ashiwin Vaishnav, Union Minister for Information and Broadcasting**

**** **** *****

راجیہ سبھا کے 59 ممبران کو جو اپنی میعاد پوری کررہے تھے کل وداع کیا گیا۔سبکدوش ہونے والے ارکان میں ڈپٹی چیئرمین ہری ونش، ایچ ڈی دیوی گوڑا، ملک ارجن کھرگے اور شرد پوار شامل ہیں۔

الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ سیاست میں کبھی وقفہ نہیں ہوتا۔ مستقبل میں ہمیشہ نئے مواقع چھپے رہتے ہیں اور یہ کہ ہر رکن کا تجربہ اور شراکت قوم کی تعمیر میں ہمیشہ قیمتی رہے گا۔انہوں نے کہا۔۔۔

**Byte: Prime Minister, Narendra Modi**

**** **** *****

محصول افسران وملازمین کے املاء درست کرنے کے نام پر ریاست کے ایک سے دیڑھ لاکھ کسانوں کو دھوکہ دینے کا انکشاف ہوا ہے۔ وزیر

محصول چندر شیکھر باون کڑے نے کل قانون ساز کونسل کو مطلع کیا کہ محکمہ محصول میں یہ اب تک کا سب سے بڑا گھپلہ ہے۔محکمہ محصول کی دفعہ 155 کا غلط استعمال کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر ستر ہ حوالوں میں ردوبدل کیا گیا۔ باونکڑے نے بتایا کہ کچھ مقامات پر زمین کی غیر قانونی منتقلی بھی کی گئی۔انل پرب نے بھی اس پر توجہ دلانے کی کوشش کی تھی۔

یہ واقعہ پونے ضلع میں جولائی ۔اگست 2025 میں سامنے آیا۔وزیر محصول نے بتایا کہ اس معاملے میں ڈویژنل کمشنر کی صدارت میں ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی گئی ہے۔باون کڑے نے بتایا کہ تحقیقات میں قصوروار پائے جانے والوں کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں گے اور ضلع کلکٹروں کو ریاست میں تمام مشکوک ریکارڈ منسوخ کرنے کے احکامات دیئے گئے ہیں اور آئندہ سات دنوں میں کارروائی شروع ہو جائے گی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر کے سیلف فائنانسڈ اسکولوں کے قیام اور تقسیم ترمیمی بل کو قانون ساز کونسل نے کل منظوری دی گئی۔مہاراشٹر اسٹیمپ دوسرا ترمیمی بل اور مہاراشٹر وائلڈ لائف پروٹیکشن ترمیمی بل کل قانون ساز اسمبلی میں اکثریت سے منظور ہو گئے۔

***** ***** *****

سماجی انصاف کے وزیر سنجئے شر ساٹھ نے کہا ہے کہ ریاست کے فوجی اسکولوں میں زیر تعلیم طلباء کو دیئے جانے والے الاؤنس کو 15 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔وہ کل قانون ساز اسمبلی میں شیواجی راؤ گرجے کی توجہ دلاؤ تحریک کا جواب دے رہے تھے۔

***** ***** *****

مملکتی وزیر برائے داخلہ پنکج بھوئیر نے کل قانون ساز کونسل کو یقین دلایا کہ سنگمنیر تعلقے میں ایک بارہ سالہ لڑکی پر تیزاب پھینکنے کے معاملے کی مکمل تحقیقات کرنے کے لیے پولس انتظامیہ کو ہدایات دی گئی ہیں۔بھوئیر نے کہا کہ ایک کمیٹی بنائی جائے گی اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کئے جائیں گے کہ تیزاب آسانی سے دستیاب نہ ہو۔

***** ***** *****

آج گوڑی پاڑوا منایا جارہا ہے۔ ہندو کیلنڈر کے مطابق نیا سال آج سے شروع ہوا ہے۔اس دن ہر گھر میں گوڑی لگا کر، رنگولی بنا کر اور دروازوں کو سجا کر ہندو دیوتاؤں کے درشن کئے جاتے ہیں۔آج کے دن گھر، گاڑیاں، سونے چاندی کے زیورات کے ساتھ ساتھ دیگر اہم چیزوں کی خریداری کی جاتی ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی، گورنر جشنو دیو ورما اور وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے لوگوں کو گوڑی پاڑوا کی مبارکباد دی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے کل تجارتی صارفین کو مزید 10 فیصد LPG کی فراہمی کو منظوری دے دی۔اس کے نتیجے میں اب ان صارفین کو ماہانہ اوسط LPG کا 30 فیصد ملے گا۔ پیٹرولیم سیکریٹری نے تمام ریاستوں کے چیف سیکریٹریوں کو خط لکھ کر زیادہ سے زیادہ تجارتی صارفین سے LPG کے بجائے پائپ گیس کا استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

اطلاعات ونشریات کی وزارت کے سیکریٹری سنجئے جاجو نے کہا ہے کہ ملک میں ایک ذمہ دار، شفاف اور قابل اعتماد اشتہاری نظام کی ضرورت ہے۔ وہ کل ممبئی میں ایڈورٹائزنگ اسٹینڈرڈ کونسل آف انڈیا کے زیر اہتمام، ایک کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔مصنوعی ذہانت کے موثر استعمال پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا۔۔۔

**Byte: Sanjay Jaju, Secretary ministry of information and broadcasting**

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بی جے پی کے اویناش گلانڈے کو بلا مقابلہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع پریشد کے صدر اور جتیندر جیسوال کو نائب صدر منتخب کیا گیا ہے۔کل انتہائی ڈرامائی ماحول میں ہوئے اس انتخابی عمل میں ضلع کی مہایوتی میں دراڑ صاف دکھائی دی۔شیوسینا کے 21 ارکان نے الیکشن کا بائیکاٹ کیا جبکہ شیوسینا بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے نو ارکان غیر حاضر رہے۔لہذا پریسائڈنگ افسر نے اعلان کیا کہ بی جے پی کے گلانڈے اور جیسوال جنہیں ان دونوں عہدوں میں سے ہر ایک کے لیے صرف ایک درخواست موصول ہوئی تھی کو بالترتیب صدر و نائب صدر کے طور پر بلا مقابلہ منتخب کیا گیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع پریشد کے صدر و نائب صدر کے عہدوں کے لیے انتخابی عمل کل منعقد ہوا۔اس میں جنتور تعلقے کے ساونگی مہالسہ گروپ سے بی جے پی کی لتا وجئے کو صدر منتخب کیا گیا سون پیٹھ تعلقے کے وِیٹا گروپ سے راشٹروادی کانگریس پارٹی کے شری کانت وٹیکر کو بلا مقابلہ نائب صدر منتخب کیا گیا۔

***** ***** *****

جنتور تعلقے کے چار تھانہ میں کل مراٹھواڑہ کی پہلی AI آنگن واڑی کا افتتاح کیا گیا۔آنگن واڑی کا online افتتاح ضلع کلکٹر سنجئے سنگھ چوہان نے پربھنی میں منعقدہ مثالی سوپروائزوں، آنگن واڑی کارکنوں اور مددگاروں کے لیے ایوارڈ تقریب میں کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں کل رات کچھ دیر تک موسلا دھار بارش ہوتی رہی جس کی وجہ سے کئی مقامات پر بجلی کی فراہمی رک گئی تھی۔کل ضلع کے کنڑ، خلدآباد اور پیٹھن تعلقوں کے کئی مقامات پر ہلکی بارش ہوئی۔اس غیر موسمی بارش سے ربیع سیزن کی مکئی، گیہوں، چنا، پیاز وغیرہ فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔

دریں اثناء محکمۂ موسمیات نے آج چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ، پربھنی اور بیڑ اضلاع کے لیے بارش کا آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔وہیں ہنگولی، ناندیڑ، لاتور اور دھاراشیو اضلاع کے لیے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں غیر موسمی بارش اور ژالہ باری سے ہونے والے زرعی فصلوں اور مالی نقصانات کا اندازہ لگانے کے لیے گاؤں کی سطح پر کمیٹیوں کے ذریعے پنچنامے کئے جارہے ہیں۔ہدایات دی گئی ہیں کہ تمام متعلقہ ادارے متاثرہ علاقوں کا معائنہ کریں اور مقررہ فارمیٹ میں پنچ نامے مکمل کریں۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مرکزی کابینہ نے صنعتی شعبے کی ترقی کے لیے ''بھوّیہ اسکیم'' کو دی منظوری۔

☆ کمرشیل صارفین کو LPG کی مزید 10 رفیصد فراہمی کو مرکزی حکومت نے دی منظوری۔

☆ املاء درست کرنے کے نام پر کسانوں سے دھوکہ، محکمۂ محصول کا سب سے بڑا گھپلہ بے نقاب۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر اور پربھنی ضلع پریشد کے صدور کا عہدہ بی جے پی کے پاس۔

اور۔۔۔☆ محکمۂ موسمیات کی آج مراٹھواڑہ میں غیر موسمی بارش کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****